# ۲۔ مجسمہ سازی (دستکاری)

## کاغذ کام

سخت یا نرم چیزوں کو دل کش شکل دے کر، تراش کر یا انھیں جوڑ کر سہ ابعادی شکل بنانے کے فن کو مجسمہ سازی کہتے ہیں۔

کاغذ سے بھی ہم 'مجسّمے' بنا سکتے ہیں۔

ہم سیکھیں گے کہ کاغذ کام سے کاغذی مکھوٹے کیسے بناتے ہیں۔


ایک مستطیل کاغذ لے کر اسے نیچے کی شکل کے مطابق بیچ سے تہہ کیجیے۔

(۱) تہہ کیے ہوئے حصے پر شکل کے مطابق مکھوٹے کی تصویر بنائیے۔ مکھوٹے کی باہری شکل اور آنکھوں کا اندرونی حصہ کاٹ لیجیے۔

(۲) رنگین اسکیچ پین، رنگین کاغذ کے ٹکڑوں کا استعمال کر کے اپنی پسند کے مطابق تزئین کیجیے۔


(۳) مکھوٹے کے اندرونی حصے کو دھاگا باندھ دیجیے۔











### میری سرگرمی :

- مختلف مکھوٹے بنا کر ڈراموں میں ان کا استعمال کیجیے۔
- اپنے ہاتھوں سے مختلف جانوروں کے مکھوٹے تیار کیجیے۔

♦ طلبہ کو ان کی پسند کے مطابق مکھوٹا بنانے کے لیے کہیں۔


# مٹی کا کام


مٹی چھاننا، مٹی بھگونا اور گوندنا جیسے کام ہم نے سیکھے ہیں۔ اب آپ مٹی کو اچھی طرح گوندنا جانتے ہیں۔ لیکن مٹی کام میں استعمال کی جانے والی مٹی کی بھی کئی قسمیں ہیں مثلاً :

(۱) پلاسٹسن کلے (۲) شالو کلے (۳) عام مٹی (۴) تلچھٹی مٹی (۵) کھیت کی کالی مٹی











**(۱) پلاسٹسن کلے :** اس مصنوعی مٹی کو بار بار استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ مصنوعی مٹی کئی رنگوں میں دستیاب ہوتی ہے۔

**(۲) شالو کلے :** یہ مٹی لیس دار (چپچپی) ہوتی ہے لیکن یہ پانی میں گھل جاتی ہے۔ اس مٹی کا استعمال بھی بار بار کیا جاسکتا ہے۔ یہ مٹی ماحول دوست ہے۔ اس کا رنگ خاکستری (گرے) ہوتا ہے۔

**(۳) عام مٹی :** یہ مٹی نہر، نالے وغیرہ کے کنارے یا آنگن میں دستیاب ہوتی ہے۔ اس سے مختلف چیزیں بنائی جاسکتی ہیں لیکن یہ مٹی تڑخ جاتی ہے۔ اس مٹی میں گوبر، کپاس اور بھوسا ملا کر اس سے چیزیں بنائی جائیں تو تڑخنے کا تناسب کم ہوجاتا ہے۔

**(۴) تلچھٹی مٹی :** یہ مٹی باغبانی کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ لیس دار اور لال رنگ کی ہوتی ہے۔ کپڑے سے چھان لینے کے بعد یہ ملائم لگتی ہے۔ یہ بہ آسانی دستیاب ہوتی ہے۔

**(۵) کھیت کی کالی مٹی :** کالے رنگ کی مٹی کھیت میں پائی جاتی ہے۔ یہ لیس دار ہوتی ہے۔

♦ آس پاس ملنے والی مٹی کی مختلف قسمیں دِکھائیں اور انھیں جمع کرنے کے لیے کہیں۔

## میری سرگرمی :

- آس پاس مٹی کام کرنے والے کاریگر سے ملاقات کر کے انٹرویو لیجیے۔
- اپنی پسند کے مطابق مٹی کے برتن اور چیزیں بنائیے۔

### میرے دوست کی بنائی ہوئی مٹی کی چیزیں









### میری بنائی ہوئی مٹی کی چیزوں کے نام

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................


..........................................................................................

..........................................................................................

♦ اپنی پسند کے مطابق مٹی کے برتن، چیزیں بنانے میں رہنمائی کریں۔

# دیگر ذرائع کا استعمال

ہمارے آس پاس کئی ایسی چیزیں ہوتی ہیں جنھیں ہم پہلے استعمال کرتے ہیں اور پھر کچھ دنوں کے بعد انھیں استعمال کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ ان چیزوں کے کچھ حصے پائیدار ہوتے ہیں، خوب صورت دِکھائی دیتے ہیں اس لیے انھیں پھینکا بھی نہیں جاسکتا۔ تو آیئے، ایسی چیزوں کا استعمال کر کے کچھ فن پارے بناتے ہیں۔



## بے کار ڈھکنوں سے فن پارہ

**وسائل :**

مختلف سائز کے ڈھکن، گتا، ہرے رنگ کے کاغذ کی پٹیاں، گوند وغیرہ۔


**طریقۂ کار :**

- گتے پر اپنی پسند کے ڈھکنوں کی شکل بنا کر/ ترتیب دے کر پھول بنائیں۔ اسے ہرے رنگ کی پٹی سے ڈنٹھل اور پتے کاٹ کر چپکائیں۔

کیا اس کے علاوہ کچھ اور آپ کے ذہن میں آتا ہے؟

**میری سرگرمی :** یہ کر کے دیکھیے۔











- طلبہ کو اپنے تصور سے فن پارہ بنانے کے لیے کہیں۔ حسبِ ضرورت ان کی رہنمائی کریں۔